# بچوں کا رسالہ

## Worksheets for kids



اپنے دین کو سیکھیں

رنگ برنگی دنیا میں

Struggling slaves

Kids

# ایمان بالملائکہ




فرشتوں کو عربی زبان میں ملائکہ کہتے ہیں۔

جن کا مسکن آسمانوں میں ہیں۔



وہ عظیم مخلوق جن کو اللہ نے نور سے پیدا کیا۔

اللہ کے حکم کی کبھی خلاف ورزی یا تاخیر نہیں کرتے۔



وہی کرتے ہیں جس کا انہیں حکم دیا گیا۔

# ایمان بالملائکہ کے معنی

ایمان

IMAN


فرشتوں کے وجود کی تصدیق کرنا۔

ان کے ناموں ، ان کے صفات اور ان کے کام کے بارے میں جو کچھ جانا ہیں اس کی تصدیق کرنا ۔



رسول اس کتاب پر جو ان کے پروردگار کی طرف سے ان پر نازل ہوئی ایمان رکھتے ہیں اور مومن بھی۔ سب خدا پر اور اس کے فرشتوں پر اور اس کی کتابوں پر اور اس کے پیغمبروں پر ایمان رکھتے ہیں (اور کہتے ہیں کہ) ہم اس کے پیغمبروں سے کسی میں کچھ فرق نہیں کرتے۔

سورۃ البقرہ :285



# فرشتوں کے کام



اللہ نے بیشمار فرشتے پیدا کیے، اور ان کے مختلف کام ہے ۔

وحی نازل کرنا، یہ جبرائیل علیہ السلام کا کام ہے ۔

اعمال لکھنا، یہ حفظۃ علیہ السلام کا کام ہے ۔



بارش برسانا، یہ میکائیل علیہ السلام کا کام ہے ۔

صور پھونکنا، یہ اسرافیل علیہ السلام کا کام ہے ۔



روح قبض کرنا، یہ ملک الموت کا کام ہے ۔

پہاڑوں کا انتظام چلانے والے،
ملک الجبال ہے۔




قبر کے معاملات سمہالنے والے،
ملک القبر ہے۔

عرش عظیم کو اٹھانے والے،
ملک العرش ہے۔



جنت کے معاملات سمہالنے
والے، یہ خزنۃ الجنۃ ہیں ۔

جہنم کی نگرانی کرنے والے ،
یہ فرشتہ مالک ہے ۔



قرآن میں ھاروت، ماروت
اور مختلف فرشتوں کا ذکر ہوا
ہے۔

# ایمان بالملائکہ کے فائدے




اللہ کی عظمت کی دلیل ہے کہ اس نے ایک عظیم مخلوق بنائی۔

اللہ کا شکر ادا کرنا کیونکہ اس نے فرشتوں کو ہماری حفاظت کے لیے مسخر کیا۔




ترجمہ: زر بن حبیش نے فرمایا: ہمیں حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ تعالی عنہ نے بیان فرمایا: نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جبریل امین علیہ السلام کو دیکھا، ان کے چھ سو (600) پر تھے۔

صحیح بخاری



# صحیح جواب پر ✔ نشان بنائیں

کہ بے شک یہ (قرآن) فرشتۂ عالی مقام کی زبان کا پیغام ہے۔

جو صاحب قوت مالک عرش کے ہاں اونچے درجے والا ہے۔

سردار (اور) امانت دار ہے۔

سورۃ تکویر:19-21

## اس آیت میں کون سے فرشتے کے بارے میں بتایا گیا

☆ جبرائیل علیہ السلام ☐

☆ میکائیل علیہ السلام ☐

☆ ملک الموت ☐

☆ اسرافیل علیہ السلام ☐

# صحیح جواب پر ✔ نشان بنائیں

اور ہم ہی نے انسان کو پیدا کیا ہے اور جو خیالات اس کے دل میں گزرتے ہیں ہم ان کو جانتے ہیں۔ اور ہم اس کی رگ جان سے بھی اس سے زیادہ قریب ہیں۔
جب (وہ کوئی کام کرتا ہے تو) دو لکھنے والے جو دائیں بائیں بیٹھے ہیں، لکھ لیتے ہیں۔
کوئی بات اس کی زبان پر نہیں آتی مگر ایک نگہبان اس کے پاس تیار رہتا ہے۔

سورۃ ق: 16-18

## اس آیت میں کون سے فرشتے کا نام بتایا گیا

- ☆ میکائیل علیہ السلام ☐
- ☆ ملک حفظۃ ☐
- ☆ ملک الموت ☐
- ☆ اسرافیل علیہ السلام ☐

# صحیح جواب پر ✔ نشان بنائیں

اور جس روز صور پھونکا جائے گا تو جو لوگ آسمانوں اور زمین میں ہیں سب گھبرا اُٹھیں گے۔

سورۃ النمل:87

## اس آیت میں کون سے فرشتے کا بارے میں بتایا گیا

- ☆ حاملین عرش ☐
- ☆ میکائیل علیہ السلام ☐
- ☆ اسرافیل علیہ السلام ☐
- ☆ ھاروت ماروت ☐

# ایمان بالکتب



اللہ نے انسانوں کی ہدایت
کے لئے کتاب نازل فرمائی۔


## ایمان بالکتب کے معنی

اس بات کی تصدیق کرنا کہ اللہ
نے اپنے رسولوں پر کتابیں
نازل کی جو انسانوں کی ہدایت
کے لئے تھیں اور قرآن آخری
کتاب ہے۔




رسول اس کتاب پر جو ان کے
پروردگار کی طرف سے ان پر نازل
ہوئی ایمان رکھتے ہیں اور مومن
بھی۔ سب خدا پر اور اس کے
فرشتوں پر اور اس کی کتابوں پر اور
اس کے پیغمبروں پر ایمان رکھتے ہیں
(اور کہتے ہیں کہ) ہم اس کے
پیغمبروں سے کسی میں کچھ فرق
نہیں کرتے۔

سورۃ البقرہ :285



# آسمانی کتب کے نام





اللہ تعالیٰ نے قرآن کریم کو
محمد ﷺ پر نازل فرمایا ہے۔

اللہ تعالیٰ نے تورات کو موسیٰ
علیہ السلام پر نازل فرمایا ہے۔




اللہ تعالیٰ نے انجیل کو عیسی
علیہ السلام پر نازل فرمایا ہے۔




اللہ تعالیٰ نے زبور کو داؤد
علیہ السلام پر نازل فرمایا ہے۔

# قرآن کریم



ہم قرآن کے مطابق عمل کرتے ہیں، جسے اللہ نے ہمارے نبی محمد ﷺ پر نازل فرمایا ۔

قرآن نصیحت ہے، شفاء ہے، ہدایت اور رحمت ہے ۔




لوگو تمہارے پروردگار کی طرف سے نصیحت اور دلوں کی بیماریوں کی شفا اور مومنوں کے لیے ہدایت اور رحمت آ پہنچی ہے۔

سورۃ یونس:57



# ایمان بالکتب کے فائدے




یہ اللہ کی رحمت ہے کہ اس نے اس کے بندوں کی ہدایت کے لئے کتاب نازل فرمائی۔

ہمارے اعمال قرآن کے حکم کے مطابق ہونا چاہیے ، اور جس سے قرآن روکے اس سے ہم دور رہے۔



حضرت عائشہ رضی فرماتی ہیں، نبی ﷺ نے فرمایا: قرآن کا ماہر قیامت کے دن ان فرشتوں کے ساتھ ہوگا جو دنیا میں وحی لانے والے بزرگ اور نیکوکار ہوں گے ۔ اور جو قرآن کو اٹک اٹک کر پڑتا ہے اور پڑھنے میں اسے مشقت ہوتی ہے اسے دگنا اجر ہے۔



بخاری و مسلم

## صحیح جواب پر ✔ نشان بنائیں

نیکی یہ نہیں ہے کہ تم نے اپنے چہرے مشرق کی طرف کر لیے یا مغرب کی طرف ، بلکہ نیکی یہ ہے کہ آدمی اللہ کو اور یومِ آخر اور ملائکہ کو اور اللہ کی نازل کی ہوئی کتاب اور اس کے پیغمبروں کو دل سے مانے اور اللہ کی محبت میں اپنا دل پسند مال اللہ کی راہ میں خرچ کرتے ہیں ۔

سورۃ البقرہ :177

## اس آیت میں ایمان کے ارکان بتائے گیے

- ☆ اللہ پر ایمان ☐
- ☆ یوم آخر پر ایمان ☐
- ☆ ملائکہ پر ایمان ☐
- ☆ کتابوں پر ایمان ☐
- ☆ رسولوں پر ایمان ☐

# آسمانی کتاب کن رسولوں پر نازل ہوئی
# صحیح جواب سے جوڑیں

| | |
|---|---|
| ☆ قرآن کریم | موسی علیہ السلام |
| ☆ تورات | محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم |
| ☆ زبور | عیسی علیہ السلام |
| ☆ انجیل | داؤد علیہ السلام |

# صحیح جواب پر ✔ نشان بنائیں

میں قرآن کے معاملے میں ان چیزوں کا احتمام کرتا ہوں۔

- ☐ قرآن سے محبت کرتا ہوں ۔
- ☐ قرآن کی تلاوت کرتا ہوں ۔
- ☐ قرآن کی آیات پر غور و فکر کرتا ہوں ۔
- ☐ قرآن کے مطابق عمل کرتا ہوں ۔
- ☐ قرآن میں بتائے گیئے حالات کو سچ مانتا ہوں ۔